# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## فلپائن کے شعبہ تعلیم، بنگویٹ کے وفد کا چائلڈ گائیڈینس سینٹر کا دورہ

New Delhi, 28 November 2025

فلپائن کے شعبہ تعلیم (ڈیپ ایڈ)، بنگویٹ کے وفد نے ڈاکٹر ذاکر حسین میموریل ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام سرگرم عمل چائلڈ گائیڈینس سینٹر (سی جی سی) کا دورہ کیا۔ دورے کا مقصد پیشہ ورانہ لین دین، فروغ اطفال کی خدمات کے متعلق معلومات حاصل کرنا اور خصوصی تعلیم اور شمولیتی طرز عمل کے میدان میں اشتراکی مواقع تلاش کرنا تھا۔

یہ وفد درج ذیل شخصیات پر مشتمل تھا:

محترمہ لورنا ایم یاگو، پی ایچ ڈی

ایجوکیشن پروگرام ماہر دوم، شعبہ تعلیم بنگویٹ

محترم علاد ین ایم ڈبنٹو، پی ایچ ڈی

صدر، نصاب کے نفاذ سے متعلق ڈویژن، شعبہ تعلیم، بنگویٹ

جناب میل چورسی ٹائیکن، ای ڈی ڈی

پبلک اسکول ڈسٹرکٹ سپروائزر، ٹوباڈسٹرکٹ، شعبہ تعلیم، بنگویٹ

محترم ڈیلا روسا وی ڈیلماس، ای ڈی ڈی

پبلک اسکول ڈسٹرکٹ سپروائزر، لاتریند ادڈسٹرکٹ، شعبہ تعلیم، بنگویٹ

سوسائٹی کے جنرل سکریٹری پروفیسر محمد غازی شہنواز اور پروجیکٹ ڈائریکٹر جناب نسیم احمد نے تمام مہمانان کا پرتپاک خیر مقدم کیا اوران کی تشریف آوری کی خلوص دل سے تعریف کی۔

اس موقع پر شعبہ تربیت اساتذہ و نیم رسمی تعلیم، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ایسوسی ایٹ پروفیسر اور ماہر آموزشی نقائص (خصوصی تعلیم) ڈاکٹر محمد فیض اللہ اور جناب شتاب الہٰی، ڈائریکٹر پروایکٹیو فاؤنڈیشن بھی موجود تھے۔

دورے کے دوران وفد نے سی جی سی کی ٹیم سے بات چیت کی اور مختلف پروگرام بھی دیکھے جن میں نفسیاتی تشخیصات، تھیراپی سیشن، ریمیڈیل ایجوکیشن اور کمیونی ٹی آؤٹ ریچ اقدامات شامل تھے۔ سینٹر کے کام کاج کے طریقہ کار، بچوں کی رہنمائی کے طریقوں کے ساتھ ساتھ مختلف نشوونمائی ضرورتوں والے بچوں کی مدد کے لیے بین علومی اپروچ کا مشاہدہ کیا اور بصیرت

بھی حاصل کی۔

ڈاکٹر ذاکر حسین میموریل ویلفیئر سوسائٹی نے وفد کے دورے کا شکریہ ادا کیا اور بچوں کے بہبود نظام کو مضبوط کرنے اور شمولیتی تعلیم کے فروغ کے لیے لگاتار بین الاقوامی اشتراک کی اہمیت پر زور دیا۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ کی سرپرستی و قیادت میں چائلڈ گائڈینس سینٹر کام کرر ہا ہے۔اس مشن کا آگے لے جانے میں ان کی بصیرت اور تعاون کا اہم رہا ہے۔

بین تہذیبی آموزش کے فروغ اور فلاح و بہبود اور بچوں کی نشو ونمائی کے نتائج کو بہتر کرنے کے ضمن میں مشترکہ علم کو بہتر کرنے کے لیے یہ دورہ ایک بامعنی قدم ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ